ہوائی جہاز

وہ دیکھو! ہوائی جہاز آ رہا ہے
کوئی گیت اڑتے ہوئے گا رہا ہے

نظر آتا ہے دوٗر سے یوں فضا میں
کوئی چیل اُڑتی ہو جیسے ہَوا میں

پرندوں کے مانند پردار ہے
پر اُن سے سوا تیز رفتار ہے

یہاں ہے اگر آج تو کل وہاں ہے
پرندوں میں اِس کی سی تیزی کہاں ہے

بہت دُور اُڑتا ہے جب یہ ہوا پر
نظر آتا ہے ایک دھبّا فضا پر

جواں ہو کے ہم بھی چلائیں گے اِس کو
خریدیں گے اِس کو اڑائیں گے اِس کو

ہواؤں پہ اڑتے پھریں گے جہاں میں
کبھی اِس زمیں پر کبھی آسماں میں

—اختر شیرانی

© NCERT not to be republished

مشق

پڑھیے اور سمجھیے

گیت	ترانہ، نغمہ
فضا	زمین اور آسمان کے درمیان کا حصہ
مانند	طرح، جیسا
پردار	پر والا
سِوا	زیادہ، علاوہ
جہاں	دنیا

سوچیے اور بتائیے

1. ہوائی جہاز کو کِس پرندے کی طرح بتایا گیا ہے؟
2. شاعر کو اڑتے ہوئے ہوائی جہاز کی آواز کیسے لگتی ہے؟
3. بچّے جوان ہوکر ہوائی جہاز کے ساتھ کیا کرنا چاہتے ہیں؟
4. جب آپ ہوائی جہاز دیکھتے ہیں تو آپ کیا سوچتے ہیں، لکھیے؟
5. ہوائی جہاز کا ایندھن الگ ہوتا ہے اور ایسی کون سی گاڑیاں ہیں جو بغیر ایندھن کے چلتی ہیں؟



© NCERT not to be republished

مناسب لفظوں سے مصرعے مکمل کیجیے

1. کوئی .... اڑتے ہوئے گا رہا ہے

2. جواں ہو کے ہم بھی .... اس کو

3. .... اس کو .... اس کو

4. ہواؤں پہ اڑتے .... جہاں میں

5. کبھی اس .... پر کبھی .... میں

ہم آواز الفاظ کو ملائیے

فضا	وہاں
پر دار	اڑائیں
کہاں	گا رہا
چلائیں	رفتار
آ رہا	ہوا

☜ اساتذہ کے لیے ہدایات:

- بچّوں سے آمد و رفت کے ذرائع پر گفتگو کی جائے۔ ہوائی جہاز نظم کی تصویروں کو توجہ سے دیکھنے اور سمجھنے کے لیے کہا جائے۔
- پر دار، رفتار لفظوں سے تک بندی کرتے ہوئے نئ نظم لکھوائیں۔

© NCERT not to be republished

دی ہوئی تصویروں کے بارے میں ایک ایک جملہ لکھیے



© NCERT not to be republished

نیچے دی ہوئی تصویروں میں رنگ بھریے







© NCERT not to be republished